# اڈلٹ سوشل کئیر
## ڈائریکٹ پیمنٹس



Updated May 2023

# ڈائریکٹ پیمنٹ کیا ہے؟

ڈائریکٹ پیمنٹ وہ رقم ہے جو کوونٹری سٹی کونسل آپ کو براہ راست ادا کرے گی، لہٰذا کونسل کی طرف سے بندوبست کرنے کے بجائے آپ خود اپنی کئیر اور سپورٹ کا انتظام کر سکتے ہیں اور اس کے لئے خریداری کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹ پیمنٹس حکومت کے پرسنلائزیشن ایجنڈا کا حصہ ہیں، جو آپ کو ملنے والی مدد کا مرکز بناتی ہے، آپ کو ہر ممکن حد تک آزادانہ طور پر زندگی گزارنے میں مدد دیتی ہے اور آپ کو مزید چوائس اور کنٹرول فراہم کرتی ہے۔ اگر مزید معلومات چاہتے ہیں تو براہ کرم ہماری ڈائریکٹ پیمنٹس کی پالیسی پڑھیں۔

**www.coventry.gov.uk/downloads/file/13680/direct_payments_policy**

# کون ڈائریکٹ پیمنٹ لے سکتا ہے؟

سوشل کئیر اسیسمنٹ کے بعد، اگر آپ کو ایڈوائس دی گئی کہ اگر آپ اپنی سوشل کئیر کی ضروریات کے لیے کونسل سے مدد حاصل کر سکتے ہیں، تو آپ کو اس رقم کے بارے میں بتایا جائے گا جو آپ کو مدد کے لیے مل سکتی ہے۔ اسے 'انڈیکیٹو انکم' کہا جاتا ہے۔

جب آپ اور کونسل آپ کی مدد کرنے کے بہترین طریقوں کا اندازہ لگا لیں گے، تو اس مدد کو فراہم کرنے کی قیمت کا تخمینہ لگایا جائے گا۔ کونسل کو اس بات پر متفق ہونا پڑے گا کہ آیا یہ آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کا بہترین طریقہ ہے اور آپ کی سپورٹ کے لیے حتمی رقم کونسل دے گی۔ جب اس پر اتفاق ہو جائے تو اسے پرسنل بجٹ کہا جاتا ہے۔

کونسل آپ سے پوچھے گی کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو یا کسی ایسے شخص جسے آپ جانتے ہوں اور جو آپ کی مدد کرنا چاہتا ہے، پرسنل بجٹ ادا کیا جائے۔ یہ اس لیے ہے کہ آپ اپنی سپورٹ کے لیے خود ادائیگی کر سکیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ یہ انتخاب کر سکتے ہیں کہ ان اوقات میں جو آپ کی زندگی سے مطابقت رکھتے ہوں کون آپ کی مدد کر سکتا ہے اس طریقے سے جو آپ کو بہترین لگتا ہے۔ جب آپ کا پرسنل بجٹ آپ کو ادا کیا جاتا ہے تو اسے ڈائریکٹ پیمنٹ کہا جاتا ہے۔

آپ فراہم کی گئی سپورٹ کے ایک حصے کو چلانے کے لیے ادا کی گئی کچھ رقم کو ڈائریکٹ پیمنٹ کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں اور باقی ماندہ سپورٹ کے لئے کونسل کو ادائیگی کا سسٹم قائم کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ اسے 'مکسڈ پیکج' کہا جاتا ہے۔

کونسل اس بات کا جائزہ لے گی کہ آیا آپ ڈائریکٹ پیمنٹ کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے کے قابل ہیں۔ مثال کے طور پر، آیا کہ آپ سمجھ سکتے ہیں اور یاد رکھ سکتے ہیں کہ ڈائریکٹ پیمنٹ کیا ہوتی ہے اور اسے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے، اور کیا آپ سمجھ سکتے ہیں/یاد رکھ سکتے ہیں کہ سپورٹ فراہم کرنے سٹاف کے ایمپلائر بننے کی صورت میں آپ کو کیا کچھ کرنا ہو گا۔

اگر آپ خود یہ فیصلہ نہیں کر سکتے، تو کونسل کسی ایسے شخص سے کہہ سکتی ہے جو آپ کو اچھی طرح جانتا ہو اور آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دے سکے۔ یہ کوئی فیملی ممبر یا دوست ہو سکتا ہے۔

کونسل کو یہ جائزہ لینے کی بھی ضرورت ہوگی کہ آیا آپ ڈائریکٹ پیمنٹ کا انتظام خود کر سکتے ہیں، یا آپ کو کسی مدد کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ڈائریکٹ پیمنٹس کا انتظام کرنے کا مطلب ہے کہ ہو سکتا ہے آپ کئیررز کے ایمپلائر بن جائیں، ایسی صورت میں آپ کو کاغذی کارروائی مکمل کرنی ہوگی اور مقررہ رولز اور قانون پر عمل کرنا ہوگا۔

اگر آپ اپنی مدد کے لیے اپنے سٹاف کو ملازمت دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو ان ورکرز کو پرسنل اسسٹنٹ کہا جاتا ہے۔

اگر آپ کو انتظامات کرنے میں مدد کی ضرورت ہے، تو آپ کسی سے اپنے لیے انتظام کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں اور/یا کونسل کسی سے آپ کے لیے ایسا کرنے کو کہہ سکتی ہے۔

## مجھے ڈائریکٹ پیمنٹ سے کیا سپورٹ ملے گی اور یہ میری زندگی کو کیسے بہتر بنائے گی؟

پینڈریلس ٹرسٹ، ایک ایسی تنظیم ہے جسے کونسل کے ذریعے ادائیگی کی جاتی ہے تاکہ لوگوں کی ڈائریکٹ پیمنٹس کے انتظام میں مدد کی جا سکے۔ ان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے 024 7651 1611 یا **Coventry@penderelstrust.org.uk** پر

آپ کیئر کوالٹی کمیشن پر جا کر ایجنسی تلاش کر سکتے ہیں **https://cqc.org.uk/**

اگر آپ کو کسی پرسنل اسسٹنٹ یا کیئر فراہم کرنے والے کو تلاش کرنے میں مدد کی ضرورت ہے، تو آپ پینڈریلس ٹرسٹ سے 024 7651 1611 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: **https://www.penderelstrust.org.uk/** اور ان کے PA فائنڈر پر رجسٹر ہوں۔

کونسل بعض اوقات دوسری تنظیموں کو آپ کی ڈائریکٹ پیمنٹ کا انتظام کرنے کے لیے کہہ سکتی ہے اگر اس بات پر اتفاق ہو کہ ایسا کیا جانا آپ کی ضرورت ہے۔

غیر معمولی حالات میں ہم آپ کے گھر میں رہنے والے فیملی ممبرز کے لیے ادائیگی کر سکتے ہیں تاکہ آپ کی ڈائریکٹ پیمنٹ کا انتظام کرنے میں آپ کی مدد کی جا سکے۔

آپ اپنے مختص ورکر سے یا انڈیپنڈنٹ لیونگ ٹیم سے بھی ٹیلی فون: 024 7527 0960 پر مدد مانگ سکتے ہیں۔

## مجھے کتنی بار ڈائریکٹ پیمنٹ ملے گی اور میں اسے کیسے خرچ کر سکتا ہوں؟

### مجھے کتنی بار ڈائریکٹ پیمنٹ ملے گی؟

کچھ بالغوں، کئیر کرنے والوں، بچوں اور خاندانوں کو ہر وقت مدد کی ضرورت ہوتی ہے اور انہیں ہر چار ہفتوں میں ڈائریکٹ پیمنٹ دی جائے گی۔

دوسرے بالغوں، کئیر کرنے والوں، بچوں اور خاندانوں کو ایک ہی بار، یا تھوڑے وقت کے لیے مدد کی ضرورت ہوتی ہے، ایسی صورت میں انہیں ایک بار ڈائریکٹ پیمنٹ ادا کی جا سکتی ہے۔

آپ اپنی ڈائریکٹ پیمنٹ اپنے پرسنل اسسٹنٹ کے تربیتی کورسز کی ادائیگی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جب انہیں آپکو سپورٹ فراہم کرنے کے لئے انکی ضرورت ہو یا سٹاف کو ملازمت دینے کے کچھ اخراجات کی ادائیگی کے لیے۔



### میں ڈائریکٹ پیمنٹ کس چیز پر خرچ کر سکتا ہوں؟

سپورٹ، سرگرمیوں یا سامان کی کوئی 'طے شدہ' فہرست نہیں ہے جسے آپ اپنی ڈائریکٹ پیمنٹ سے خرید سکتے ہیں۔

آپ کو ڈائریکٹ پیمنٹ کو اپنی کئیر اور سپورٹ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے استعمال کرنا ہوگا جس کے بارے میں کونسل کو آپ کی اسیسمنٹ سے پتہ چلا اور یہ آپ کے کئیر اینڈ سپورٹ پلان میں درج ہیں۔

ڈائریکٹ پیمنٹ کئیر اور سپورٹ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کب تک استعمال کی جاتی ہے یہ آپ پر منحصر ہے (یا آپ کی جانب سے اس کا انتظام کرنے والے فرد پر اگر آپ یہ فیصلہ خود نہیں کر سکتے ہیں) اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہترین طریقہ کا انتخاب کریں۔

یہ مندرجہ ذیل ہو سکتا ہے:

- کئیر ایجنسیوں کے لیے کام کرنے پرسنل اسسٹنٹ یا سٹاف کے ذریعے گھر پر، یا گھر سے باہر مدد حاصل کرنے کے لئے۔
- سرگرمیاں، دلچسپیاں اور سامان
- شارٹ بریک/متبادل کئیر / کئیر میں مہلت
- سازوسامان اور تبدیلیاں (ایک آکوپیشنل تھراپسٹ کی اسیسمنٹ کے بعد ان پر اتفاق کیا جانا ضروری ہے)۔

آپ کو کونسل کے ساتھ اپنے پلان پر تبادلہ خیال اور اتفاق رائے حاصل کرنا ہوگا۔

# ڈائریکٹ پیمنٹ میری زندگی کو کیسے بہتر بنا سکتی ہے؟

جن لوگوں کو ڈائریکٹ پیمنٹ ہوتی ہے وہ یہ انتخاب کرنے کے قابل ہوتے ہیں کہ ان کو کس کے ذریعے، کیسے اور کب سپورٹ فراہم کی جائے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس قابل ہوتے ہیں کہ جو ان کی زندگی، ان کے خاندان اور جو کچھ وہ کرنا پسند کرتے ہیں یا جیسا انہیں کرنے کی ضرورت ہو، اس سے متعلق مدد حاصل کر سکیں۔

"سٹاف کو ملازمت دینے کے لیے ڈائریکٹ پیمنٹس کے استعمال سے مجھے آزادانہ زندگی گزارنے کے ہنر سیکھنے میں مدد ملی ہے۔ میں نے خود لوگوں کو ملازمت دی ہے اور وہ مجھے اپنے طور پر زندگی گزارنے میں مدد کرتے ہیں۔"

’’ڈی پی کا استعمال کرتے ہوئے سٹاف کو ملازمت دینے کا مطلب یہ ہے کہ ہیڈی نے اپنا عملہ منتخب کیا ہے اور میرا اپنی بیٹی کے ساتھ کام کرنے کے طریقے پر براہ راست کنٹرول ہے، بجائے اس کے کہ کسی ایجنسی کا ذریعہ استعمال کرنا پڑے اور ہر وقت مختلف عملے سے واسطہ پڑے۔‘‘

"میرے والدین کے لیے یہ ضروری تھا کہ وہ اپنی آزادی کو ہر ممکن حد تک برقرار رکھیں اور ابتدا میں ان کے لیے مدد اور سپورٹ کو قبول کرنا ایک بڑی بات تھی، جب انہیں پتہ چلا کہ ہمارا اپنا اکاؤنٹ ہوگا اور ادائیگیوں کے لیے ہم ذاتی طور پر ذمہ دار ہوں گے کہ انہیں کس طرح مختص کیا جائے گا، وہ اس سے بہت متاثر ہوئے اور میں اور میرے والد دونوں نے واقعی خود کو بااختیار محسوس کیا۔ ڈائریکٹ پیمنٹ اسکیم نے ہمیں یہ محسوس کرنے کے قابل بنایا کہ ہم اپنی ماں کو کئیر فراہم کرنے والے کے کام کرنے کے طریقے پر بات کرسکتے ہیں اور اسے کنٹرول کر سکتے ہیں۔یہ ایک ایسی پارٹنرشپ ہے جو واقعی کام کرتی ہے، معلومات اور تربیت تک رسائی کے ساتھ جو ہمیں باخبر انتخاب کرنے
ں مسلسل مدد کرتی ہے۔ کئیر کے لیے مختص بجٹ پر کنٹرول رکھنے سے اعتماد اور
سہ
ا ہوتا ہے اور ہمیں وہ یقین دہانی ملتی ہے جس کی ہم سب کو ضرورت ہے۔

"ڈائریکٹ پیمنٹ کا مطلب ہے کہ میں اپنی بیٹی کے ساتھ مخصوص مہارتوں جیسا کہ آزاد زندگی گزارنے کی مہارتیں، ٹڑیول ٹریننگ، کھانا پکانا، خریداری وغیرہ پر کام کرنے کے لیے عملے کو ملازمت دے سکتا ہوں ۔ جب ایک ہنر سیکھ لیا جائے گا تو عملہ آزادانہ زندگی گرازنے کی نئی صلاحیت سکھانے کا عمل شروع کر سکتا ہے۔

"ہم مکس اور میچ کر سکتے ہیں کہ ہم پیسے کیسے استعمال کرتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں لچک پیدا ہوتی ہے، جیسے جب ہم پارک میں فیملی سے ملنے جاتے ہیں تو میں نے کئیر کے لیے ڈائریکٹ پیمنٹ کا استعمال کیا۔ ہم آسانی سے مہیا کردہ سروس کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ ماضی میں فراہم کنندہ سے ناخوش ہو نے پر میں نے ایجنسیاں تبدیل کیناور اس کے لئے مجھے کسی رسمی دفتری کاروائی سے نہیں گزرنا پڑا۔ بطور خاندان ڈائریکٹ پیمنٹ ہمیں خود مختاری اور آزادی فراہم کرتی ہے، کئیر کرنے والوں، اوقات، مہلت کے استعمال کے بارے میں۔

## کیا اس سے میرے بینیفٹس یا اس رقم پر اثر پڑے گا جو میں نوکری سے کماتا ہوں؟

ڈائریکٹ پیمنٹ کوئی بینیفٹ نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس سے آپ کو ملنے والے کسی بھی بینیفٹس یا پنشن پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

ہر وہ شخص جسے کونسل کی طرف سے اپنی ضروریات کے لیے جاری مدد حاصل ہے اس کی ایک اسیسمنٹ ہوگی کہ کونسل سے ملنے والی کئیر اور سپورٹ کے لیے اسے کتنی رقم ملا کرے گی۔ اسے 'فنانشل اسیسمنٹ' کہا جاتا ہے۔

ہم آپ کو بتائیں گے کہ ڈائریکٹ پیمنٹ شروع ہونے پر آپ کو کتنی رقم ملا کرے گی۔

## میں مزید معلومات کیسے حاصل کروں؟

اپنی موجودہ سوشل کیئر ٹیم یا مختص ورکر کو فون کریں جو آپ کی سپورٹ کر رہا ہے۔ انڈی پینڈنٹ لیونگ ٹیم کو ٹیلی فون 024 7683 3362 یا.024 7683 3410 پر فون کریں۔

اگر آپ کو یقین نہیں کہ کس ٹیم سے رابطہ کرنا ہے، تو براہ کرم: اڈلٹ سوشل کیئر سے ڈائریکٹ ای میل: ASCdirect@coventry.gov.uk یا ٹیلی فون:024 7683 3003 پر رابطہ کریں۔



## اڈلٹ سوشل کئیر ڈائریکٹ سے رابطہ کریں

کال کریں**024 7683 3003** پر

یا ای میل کریں **ascdirect@coventry.gov.uk**

یا ویب سائیٹ ملاحظہ کریں **www.coventry.gov.uk/health-social-care**

گویائی میں خرابی، بہرا پن یا سماعت سے محروم؟ آپ نیکسٹ جنریشن ٹیکسٹ (جسے ٹیکسٹ ریلے اور ٹائپ ٹاک بھی کہا جاتا ہے) کا استعمال کر کے کال کر سکتے ہیں:**18001 024 7683 3003**

اگر آپ کو یہ معلومات کسی دوسری زبان یا فارمیٹ میں درکار ہے تو براہ کرم **ascdirect@coventry.gov.uk** پر ای میل کریں

Jeśli potrzebujesz zawartych informacji w innym języku lub formacie, prosimy o wiadomość e-mail na adres ascdirect@coventry.gov.uk

**ਜੇਕਰ ਤੁਹਾਨੂੰ ਇਹ ਜਾਣਕਾਰੀ ਕਿਸੇ ਹੋਰ ਭਾਸ਼ਾ ਜਾਂ ਫਾਰਮੈਟ ਵਿੱਚ ਚਾਹੀਦੀ ਹੈ, ਤਾਂ ਕਿਰਪਾ ਕਰਕੇ** ascdirect@coventry.gov.uk **'ਤੇ ਈਮੇਲ ਕਰੋ**

إذا اردت الحصول على هذه المعلومات بلغة أو تنسيق آخر، يرجى إرسال بريد إلكتروني إلى: ascdirect@coventry.gov.uk

Dacă aveţi nevoie de aceste informaţii într-o altă limbă sau format, vă rugăm trimiteţi email la: ascdirect@coventry.gov.uk

እዚ ሓበሬታ ብኻልእ ቋንቋ ወይ ቅርጺ እንተደሊኹም ብኢመይል ከትጽሕፉ ትኽእሉ ኢኹም፡ናብ፤ ascdirect@coventry.gov.uk

